16-05-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے عہدیداروں پر زور دیا کہ وہ سٹلائٹ ٹاون شپ اور حیدرآباد میں برقی کی سپلائی کے نٹ ورک کو عصری بنانے پر توجہ مرکوز کریں۔

۲۔آپریشن سندور کے تناظر میں پاکستان کی پشت پناہی میں دہشت گرد سرگرمیوں پر ہندوستان کے موقف کو اجاگر کرنے کیلئے مرکزی حکومت مختلف ممالک کو کئی پارٹیوں پر مشتمل وفود روانہ کرنے کا منصوبہ بنارہی ہے۔

۳۔مرکزی وزیر کوئلہ و تلنگانہ بی جے پی کے صدر جی کشن ریڈی نے اعلان کیا کہ آپریشن سندور کی کامیابی پر فوج کے اعزاز میں کل حیدرآباد میں تلنگانہ یاترا نکالی جائے گی۔

اور

۴۔تلنگانہ کے مختلف اضلاع عادل آباد، نرمل، نظام آباد، سدی پیٹ، وقارآباد، سنگاریڈی، میدک، کاماریڈی، محبوب نگر، ناگرکرنول، ونپرتی، نارائن پیٹ، جوگولامبا گدوال کے مختلف مقامات پر تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ موسلادھار بارش ہوسکتی ہے۔

CM - POWER

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے عہدیداروں پر زور دیا کہ وہ سٹلائٹ ٹاون شپ اور حیدرآباد میں برقی کی سپلائی کے نٹ ورک کو عصری بنانے پر توجہ مرکوز کریں۔ وزیراعلیٰ نے آج سکریٹریٹ حیدرآباد میں محکمہ توانائی کے عہدیداروں کے ہمراہ ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ریونت ریڈی نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ ریڈیئل روڈس پر توانائی کی ضروریات اور ریجنل رنگ روڈ کے پاس تعمیر کئے جانے والے سٹلائٹ ٹاون شپ کیلئے ایچ ایم ڈی اے کے ساتھ تعاون کریں۔انہوں نے فیلڈ لیول پر برقی کی مانگ کے مطابق سب اسٹیشنس کو اَپ گریڈ کرنے پر بھی زور دیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ فیوچر سٹی میں انڈرگراونڈ پاور سپلائی نٹ ورک ہونا چاہیئے اور فیوچر سٹی میں اس کے آس پاس ہائی ٹینشن لائن کو ہٹادیا جائے۔ ریونت ریڈی نے آوٹر رنگ روڈ کے 160 کلومیٹر پر محیط علاقہ پر سولاور پاور جنریشن کا منصوبہ تیار کرنے کی حکام کو ہدایت دی۔

MISS WORLD

عالمی مقابلہ حسن کی کنٹسٹینس نے اے آئی جی ہاسپٹلس گچی باؤلی حیدرآباد میں منعقدہ میڈیکل ٹوریزم ایونٹ میں شرکت کی۔ آفریقہ گروپ کی 25 کنٹسٹینس نے اس ایونٹ میں حصہ لیا اور اسپتال پہنچنے پر ان کا والہانہ خیر مقدم کیا گیا۔ اے آئی جی ہاسپٹلس کے چیرمین ڈاکٹر ڈی ناگیشور ریڈی نے اسپتال کی کارکردگی پر روشنی ڈالی۔ شرکاء کو انڈواسکوپی سوٹ، آئی اے اکسپرینس سنٹر، ریسرچ سنٹر، اسکل لیاب اور پیڈیاٹرک وارڈ کا دورہ کروایا گیا۔ انہیں کیمووارڈ میں مریضوں سے تبادلہ خیال کا بھی موقع دیا گیا۔ بعد میں شرکاء کو محبوب نگر ضلع کے پلالامری میں واقع 700 سال قدیم برگد کے درخت کا مشاہدہ کروایا گیا۔

TIRANGA YATRA

مرکزی وزیر کوئلہ و تلنگانہ بی جے پی کے صدر جی کشن ریڈی نے اعلان کیا کہ آپریشن سندور کی کامیابی پر فوج کے اعزاز میں کل حیدرآباد میں تلنگانہ یاترا نکالی جائے گی۔ حیدرآباد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے مرکزی وزیر نے کہا کہ ہندوستانی افواج کی حصولیابیوں کا جشن منایا جائے گا۔ کشن ریڈی نے کہا کہ پاکستان سے کسی بھی بات چیت سے پہلے پی او کے، کی حوالگی اور دہشت گرد ٹھکانوں کی تباہی کا مطالبہ کیا جانا چاہیئے۔ کشن ریڈی نے کہا کہ پارٹی سیاست سے اوپر اٹھ کر تمام ارکان پارلیمان وارکانِ مقنّنہ کو تلنگانہ یاترا میں حصہ لینا چاہئے۔ بی آر کے بھون پر واقع ڈاکٹر امبیڈکر کے مجسمہ سے یاترا کا آغاز ہوگا اور ٹینک بینڈ کے قریب آرمی ٹینک پر اس کا اختتام ہوگا۔ اس یاترا میں دفاعی مشیر ڈاکٹر ستیش ریڈی، سابق ڈی جیز اور کئی عوامی نمائندے شرکت کر سکتے ہیں۔

SOUND BYTE KISHAN REDDY

SHAH

مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے کہا کہ آپریشن سندور وزیر اعظم نریندر مودی کے مضبوط سیاسی عزم، انٹلیجنس ایجنسیز کی صحیح جانکاری اور ہماری تینوں مسلح افواج کی حملہ کی صلاحیت کی منفرد علامت ہے۔ مرکزی وزیر داخلہ نے دہلی میں انٹلیجنس کے تبادلہ کے مقصد سے قائم ملٹی ایجنسی سنٹر کے افتتاح کے موقع پر یہ بات کہی۔

FAKE CALLS

تلنگانہ اینٹی کرپشن بیورو کے ڈائرکٹر جنرل وجئے کمار نے کہا کہ ان کی جانکاری میں یہ بات آئی ہے کہ بعض افراد اے سی بی عہدیداروں کے نام سے فرضی کالس کررہے ہیں اور سرکاری ملازمین کو ان کے خلاف کیس درج کرنے کی دھمکی دیتے ہوئے رقم کا مطالبہ کررہے ہیں۔ انہوں نے لوگوں سے کہا کہ اے سی بی عہدیدار کبھی بھی سرکاری ملازمین کو فون کال اور ان سے رقم کا مطالبہ نہیں کرتے ہیں۔ ڈی جی نے کہا کہ اگر کسی کو اس طرح کا کال آتا ہے تو وہ اے سی بی کے ٹال فری نمبر 1064 پر فوری رابطہ کریں یا مقامی پولیس اسٹیشن میں شکایت درج کروائیں۔ انہوں نے کہا کہ شکایت کنندہ یا متاثرہ کا نام اور تفصیلات مخفی رکھی جائے گی۔

WEATHER

تلنگانہ کے مختلف اضلاع عادل آباد، نرمل، نظام آباد، سدی پیٹ، وقار آباد، سنگاریڈی، میدک، کاماریڈی، محبوب نگر، ناگر کرنول، ونپرتی، نارائن پیٹ، جوگولامبا گدوال کے مختلف مقامات پر تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارش ہوسکتی ہے۔ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ان اضلاع کیلئے آرینج الرٹ جاری کیا گیا ہے جبکہ ریاست کے دیگر اضلاع کیلئے ایلوالرٹ جاری کیا گیا ہے۔ ریاست کے اضلاع نظام آباد، جگتیال، راجنا سرسلہ، جئے شنکر بھوپال پلی، ملگ، بھدرادری کوتہ گوڑم، سدی پیٹ، وقار آباد، سنگاریڈی، میدک، کاماریڈی کے مختلف مقامات پر آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بھاری بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔

GOVT - DELEGATION

آپریشن سندور کے تناظر میں پاکستان کی پشت پناہی میں دہشت گرد سرگرمیوں پر ہندوستان کے موقف کو اجاگر کرنے کیلئے مرکزی حکومت مختلف ممالک کو کئی پارٹیوں پر مشتمل وفود روانہ کرنے کا منصوبہ بنارہی ہے۔ ذرائع کے مطابق ہر وفد میں حکمراں اور اپوزیشن جماعتوں کے ارکانِ پارلیمنٹ شامل ہوں گے۔ کانگریس کے سینئر لیڈر جئے رام رمیش نے نئی دہلی میں میڈیا کو بتایا کہ حکومت کے اس سفارتی پہل کے تعلق سے مرکزی وزیر پارلیمانی امور کرن رججو نے کانگریس صدر ملکاارجن کھرگے سے بات کی ہے۔

## CV ANAND

حیدرآباد پولیس کمشنرسی وی آنند جنہوں نے حیدرآباد نارکوٹیکس انفورسمنٹ ونگ کی نمائندگی کی تھی انہیں دبئ پولیس کی جانب سے منعقدہ ورلڈ پولیس سمٹ کے دوران ایکسلنس اِن اینٹی نارکوٹیکس ایوارڈ کیلئے پہلا مقام حاصل ہوا ہے۔حیدرآباد میں منشیات کے خلاف کئے گئے مختلف اقدامات کے اعتراف میں سی وی آنند کو یہ بین الاقوامی ایوارڈ حاصل ہے۔سی وی آنند نے گزشتہ تین برسوں کے دوران حیدرآباد کمشنریٹ حدود میں منشیات کے خلاف مختلف بیداری پروگرام منعقد کئے تھے اور طلبہ وطالبات کے ساتھ ساتھ عام لوگوں کو بھی اس حوالہ سے بیدار کیا گیا تھا۔دبئ پولیس آفیسرس کلب، دبئ میں آج منعقدہ ایک ایوارڈ تقریب میں ورلڈ پولیس سمٹ کمیٹی کے ہاتھوں سی وی آنند نے یہ ایوارڈ حاصل کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے آنند نے کہا کہ اِس سمٹ میں 138 مما لک کے سرکردہ پولیس آفیسروں نے شرکت کی۔انہوں نے حیدرآباد سٹی پولیس کے نارکوٹیکس انفورسمنٹ ونگ کوایوارڈ حاصل ہونے پر مسرت کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ ان کی ٹیم ممبرس کی سخت محنت اور جستجو سے یہ باوقار ایوارڈ حاصل ہوسکا ہے۔

## JNANPITH AWARD

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج نئ دہلی میں سنسکرت اسکالر جگت گرو رام بھدراچاریہ کو سال 2023ء کے گیان پیٹ ایوارڈ سے نوازا۔اردو شاعر اور نغمہ نگار گلزار کو بھی اس ایوارڈ کیلئے منتخب کیا تھا۔صدر جمہوریہ نے دونوں شخصیات کو مبارکباد پیش کی۔

## Mango

سنگاریڈی کے فروٹ ریسرچ اسٹیشن میں دوروزہ مینگو ڈائیورسٹی شو کا آغاز ہو چکا ہے۔ اس شو میں 447 اقسام کے آم دستیاب ہیں جن میں جاپان کے میاں ذکی آم بھی شامل ہیں۔اس ایونٹ کا مقصد کسانوں کو کاشتکاری کی تکنیک، پیداوار میں اضافہ، اکسپورٹ کے مواقع سے واقف کروانا اور لوگوں کو آم کے اقسام کی جانکاری دینا ہے۔

☆☆☆